سوال

(13) ترتیل کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت اگر خاموشی کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کرے تو صحیح ہے یا اس کے لیے بھی واجب ہے کہ ترتیل کے ساتھ تلاوت کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تلاوت مین ترتیل واجب نہیں نہ مرد کے لیے اور نہ عورت کے لیے البتہ تلاوت کے آداب میں ضرور ہے ۔ حسن قراءت کا تقاضا یہ ہے بشر طیکہ الفاظ اور حروف حذف نہ ہوں ۔

حالات کے مکابق قراءت کو جہری و سری دونوں طرح کیا جا سکتا ہے ۔ اگر قراءت سری کرنے میں زیادہ خشوع وخضوع پیدا ہو تو قراءت جہری کرنی چاہیے بشر طیکہ کسی کو ایذاء نہ پہنچے اور قرائت سری کرنے میں زیادہ خشوع ہو تو قراءت سری کی جائے اور دونوں صورتیں برابر ہوں تو انسان کو اختیار ہے جس طرح چاہیے قراءت کر لے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص26

محدث فتویٰ